دارالعلوم کے شب و روز

مولانا سمیع الحق کا پہلی اسلامک ایشیائی کانفرنس کولمبو میں شرکت

دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ ایشیائی ممالک کی پہلی اسلامی کانفرنس (الملتقی الاسلامی الاول لدول آسیا) منعقدہ ۲۶ تا ۲۸ اگست میں شرکت کے لیے کولمبو تشریف لے گئے کانفرنس کا موضوع " المسلمون فی آسیا والتحدیات الخارجیہ " تھا مولانا سمیع الحق نے ایشیائی مسلمانوں کے مسائل قومی وملی سیاسی حالات اور علمی و دینی چیلنجز کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور مختلف ممالک سے آئے ہوئے اہم علمی و دینی شخصیات، سیاسی قائدین، اور عالم اسلام کے مفکرین سے ملاقاتیں کیں اور مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب شفیق الدین فاروقی بھی اسی سفر میں آپ کے ہمراہ تھے۔

سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کی دارالعلوم تشریف آوری

اگست کے دوسرے عشرے میں سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف اپنے کئی ایک رفقاء سابق وفاقی وزراء اور مسلم لیگ کے مرکزی عہدیداروں کے ہمراہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق مدظلہ کی معیت میں دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معاینہ کیا، دفتر اہتمام، ماہنامہ الحق، ترجمان دین، موتمر المصنفین، ادارۃ العلم والتحقیق، مطبخ دارالحدیث، درسگاہیں جدید تعمیرات، زیر تعمیر ہاسٹلز، دارالحفظ والتجوید، مدرسۃ البنات (جسے فی الحال تاجکستان کے طلبہ کے لیے ہاسٹل بنا دیا گیا ہے) دیکھے تو سابق وزیر اعظم کے منہ سے ہر ہر مرحلہ پر بے اختیار یہ الفاظ نکلتے رہے کہ "یہ تو عظیم اسلامی یونیورسٹی ہے"۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کے مزار پر حاضری اور فاتحہ پڑھنے کے بعد مولانا سمیع الحق نے انہیں اپنے قیامگاہ پر ضیافت دی اور ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔

مولانا محی الدین بنگلہ دیش کی دارالعلوم تشریف آوری

جناب مولانا علامہ محی الدین صاحب جو ہفت روزہ المدینہ کے مدیر، رابطہ عالم اسلامی کے رکن اور —